सत्यमेव जयते

# حکومتِ ہند

## وزارتِ اقلیتی اُمور

## حج کمیٹی آف انڈیا

### حج ۲۰۲۶ء کا اعلان

**حج کمیٹی آف انڈیا نے حج ۲۰۲۶ء کے لیے عازمین حج سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں جسے حج کمیٹی آف انڈیا کی ویب سائٹ** **https://hajcommittee.gov.in** اور موبائل ایپلیکیشن "HAJ SUVIDHA" (آئی فون اور اینڈرائیڈ دونوں کے لیے) پر بھر کے جمع کیا جاسکتا ہے۔ آن لائن حج درخواست جمع کرنے کا وِنڈو ۷/جولائی ۲۰۲۵ء سے ۳۱/جولائی ۲۰۲۵ء (شام ۱۱:۵۹) تک کھلا رہے گا۔

۱۔ **حج کی درخواست دینے والوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے فارم جمع کرنے سے پہلے ہدایات (Haj Guidelines) اور حلف نامے (Undertakings) کو احتیاط سے پڑھیں۔** براہ کرم دھیان دیں کہ درخواست دینے کے لیے مشین سے پڑھے جانے لائق (Machine Readable) ہندوستانی بین الاقوامی پاسپورٹ ضروری ہے۔ پاسپورٹ کا اجراء حج کی درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ یا اس سے پہلے کی تاریخ کا ہونا چاہیے اور اس کی میعاد کم از کم ۳۱/دسمبر ۲۰۲۶ء تک ہونا چاہیے۔

۲۔ حج کی درخواست کرنے والے کی طرف سے اگر حج درخواست کسی وجہ سے اور کسی بھی وقت پر رَد (cancel) کیا جاتا ہے **(سوائے اِنتقال یا سنگین بیماری کی صورت میں)** تو انھیں جُرمانہ ادا کرنا ہوگا جس سے اُن کا مالی نقصان ہوسکتا ہے۔ لہٰذا عازمین حج کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ حج درخواست فارم پُر کرنے سے پہلے پُرعزم طریقہ سے تیاری کرلیں۔

**(شانواس۔ سی، آئی اے ایس)**

چیف ایگزیکٹو آفیسر